پرچہ II: (معروضی طرز)	جماعت دہم	مطالعہ پاکستان (لازمی)
کل نمبر: 10	ماڈل پیپر 7	وقت: 15 منٹ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- 1973ء کے آئین میں پہلی ترمیم 1974ء میں کس علاقہ کو پاکستان کا حصہ قرار دیا گیا؟

(a) سوات کو (b) گلگت کو

(c) ناران کاغان کو (d) فاٹا کو ✓

-2 مارچ 1977ء میں قبل از وقت انتخابات منعقد کرائے:

(a) جنرل یحییٰ خان نے (b) جنرل ضیاء الحق نے

(c) محمد خان جونیجو نے (d) ذوالفقار علی بھٹو نے ✓

-3 جنرل ضیاء الحق اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کون سے شہر سے واپسی پر فضائی حادثے کا شکار ہوئے؟

(a) کوئٹہ سے واپسی پر (b) ملتان سے واپسی پر

(c) کراچی سے واپسی پر (d) بہاول پور سے واپسی پر ✓

-4 شاہراہِ قراقرم کون سی چٹانوں کو کاٹ کر بنائی گئی ہے؟

(a) سلسلہ کیرتھر (b) سلسلہ قراقرم ✓

(c) سلسلہ کوہستان (d) سلسلہ ہمالیہ

-5 "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" کس کا قول ہے؟

(a) سرسیّد احمد خان (b) قائدِ اعظمؒ ✓

(c) چوہدری رحمت علی (d) علامہ اقبالؒ

6- ایلومینیم بنانے میں کون سی دھات استعمال ہوتی ہے؟

(a) باکسائیٹ ✓ (b) تانبا

(c) مینگانیز (d) خام لوہا

7- ملکی افرادی قوت کا کتنے فی صد زراعت سے وابستہ ہے؟

(a) قریباً 50 فی صد (b) قریباً 40 فی صد

(c) قریباً 35 فی صد (d) قریباً 45 فی صد ✓

8- جسٹس بدیع الزمان کیکاؤس سپریم کورٹ آف پاکستان کے جج رہے:

(a) پندرہ سال (b) چھے سال

(c) آٹھ سال ✓ (d) گیارہ سال

9- رائے بہادر سر گنگا رام تھے:

(a) ڈاکٹر (b) پائلٹ

(c) آرمی چیف (d) سِول انجینئر ✓

10- کشمیری زبان میں معیاری ادبی لہجہ تصور کیا جاتا ہے:

(a) ہندکی (b) ماجھی

(c) گامی (d) گندور ✓